سنت کے مطابق غسل کا طریقہ

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

غسل میں کندھوں پر تین مرتبہ پانی بہانے کی طرح کیا سر پر بھی تین مرتبہ پانی بہایا جائے گا؟ اوردوسرا سوال یہ کہ تمام ظاہری بدن پر پانی بہانے میں سر سے شروع کیا جائے یا کندھوں سے شروع کریں؟

جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

تمام ظاہری بدن پر جب پانی بہایا جائے تو سنت طریقہ یہ ہے کہ کندھوں سے شروع کیا جائے۔ اور سنت کے مطابق طریقہ یہ ہے کہ کندھے، سر اور تمام بدن پر تین تین بار پانی بہایا جائے۔ لہذا سب سے پہلے دائیں کندھے پر تین مرتبہ پانی بہایا جائے پھر بائین کندھے پر تین مرتبہ پانی بہایا جائے پھر سر پر تین مرتبہ پانی بہایا جائے اور پھر تمام بدن پر تین بار پانی بہایا جائے۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ !شاور، نل اور ٹونٹی وغیرہ کا پانی جاری پانی ہوتا ہے اور جاری پانی میں تھوڑی دیر ٹھہر جانا ہی تین بار کے قائم مقام ہوجاتا ہے، لہذا شاور، نل اور ٹونٹی وغیرہ کے پانی کے نیچے تھوڑی دیر ٹھہرنے سے تین مرتبہ والی سنت ادا ہوجاتی ہے۔

فتاوی عالمگیری میں پورے جسم پر پانی بہانے کا سنت طریقہ.بیان کرتے ہوئے فرمایا:

”وکیفیۃ الافاضۃ ان یفیض الماء علی منکبہ الایمن ثلاثا ثم الایسر ثلاثا ثم علی راسہ وسائر جسدہ ثلاثا کذا فی معراج الدرایۃ“

ترجمہ: اور جسم پر پانی بہانے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے سیدھے کندھے پر تین بار پانی ڈالے پھر الٹے کندھے پر تین بار اور پھر سر اور تمام بدن پر تین بار، ایسا ہی معراج الدرایہ میں ہے۔ (فتاوی عالمگیری، جلد1، صفحہ14، مطبوعہ کوئٹہ)

درمختار میں ہے

"لو مکث فی ماء جار او حوض کبیر او مطر قدر الوضوء والغسل فقد اکمل السنۃ"

ترجمہ: اگر جاری پانی، یا بڑے حوض یا بارش میں وضو اور غسل کی مقدار ٹھہرا تو تحقیق اس نے سنت کو مکمل کرلیا۔ (الدر المختار مع ردالمحتار، جلد1، صفحہ320، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہارِ شریعت میں غسل کی سنتیں بیان کرتے ہوئے فرمایا: ”تین مرتبہ دہنے مونڈھے پر پانی بہائے پھر بائیں مونڈھے پر تین بار پھر سر پر اور تمام بدن پر تین بار۔“ (بہارِ شریعت، جلد1، حصہ2، صفحہ319، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4231

تاریخ اجراء: 23 ربیع الاول 1447ھ/17 ستمبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net